سوال

(659) آپ ﷺ پر درود بھیجنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

صحابی رسول کے سامنے رسول اللہ کی غیر موجودگی میں جب کوئی رسول اللہ کا نام مبارک لیتا تو سننے والا صحابی رسول اکرم صَلُّوا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوا تَسْلِيمًا والی آیت پر عمل کرتے ہوئے کیا کہتے اور پڑھتے تھے ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

رسول اللہ ﷺ کے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم آپ کی عدم موجودگی میں آپ کا نام نامی اسم گرامی ذکر فرماتے تو صلی اللہ علیہ وسلم کہتے یہ چیز حدیث کی ہر کتاب میں بکثرت موجود ہے ۔ البتہ اللہ تعالیٰ کے قول : صَلُّوا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوا تَسْلِيمًا میں رسول اللہ ﷺ کا اسم گرامی لے کر یا سن کر درود وسلام پڑھنے کا حکم نہیں دیا گیا جیسا کہ کئی لوگ سمجھے بیٹھے ہیں ۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

احکام ومسائل

فضائل وخصائل کا بیان ج1ص 471

محدث فتویٰ